فوری ریلیز کے لیے: 8/12/2022 گورنر ***KATHY HOCHUL***

***گورنر HOCHUL نے 8 کاؤنٹیز میں پانی کے بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹس میں 55.4$ ملین کی سرمایہ کاری کا اعلان کیا***

***مالی اعانت میونسپلٹیز کو پانی کے معیار کے اہم پروجیکٹس کو شروع کرنے اور شرح دہندگان کے لیے سود میں ٹیکس ریلیف فراہم کرنے کے لیے سرمایہ فراہم کرے گی***

***پروجیکٹس سے صحت عامہ اور ماحول کو لاحق خطرات کو کم کرنے میں مدد ملے گی***

گورنر Kathy Hochul نے آج پانی کے بنیادی ڈھانچے کی بہتری کے پروجیکٹس کے لیے 55.4$ ملین کی مالی امداد کا اعلان کیا، جو نیویارک کے پانی اور گٹر کے نظاموں کو اپ گریڈ کرنے، پانی کی آلودگی کو کم کرنے اور پینے کے پانی کی اہم فراہمیوں کی حفاظت کو ممکن بنانے کے لیے تازہ ترین کارروائی ہے۔ ریاست نیو یارک انوائرمنٹل فیسلٹیز کارپوریشن کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے کم لاگت کی مالی اعانت اور ماضی میں اعلان کردہ گرانٹس کی منظوری دے کر میونسپل کو اس سرمائے تک رسائی کی اجازت دی جو پینے کے پانی اور سیوریج کے انتہائی لازمی چار پروجیکٹس پر کام شروع کے لیے درکار تھا۔ بورڈ نے چھ مکمل شدہ پروجیکٹس کے لیے کم لاگت طویل مدتی مالی اعانت کی بھی منظوری دی، جس نے میونسپلٹیز کے اپنے طور پر قرضہ لینے کے مقابلے میں کم شرح سود کے ذریعے قرض میں ریلیف فراہم کیا۔

"نیویارک کا ہر باشندہ، پینے کے صاف پانی اور ٹھیک کام کرنے والے سیوریج کے نظام تک رسائی کا مستحق ہے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "یہ 55$ ملین کی سرمایہ کاری نہ صرف ہمارے پانی کے بنیادی ڈھانچے کو بہتر بنائے گی بلکہ نیویارک بھر میں صحت مند کمیونٹیز بھی تخلیق کرے گی۔ ہم اپنے پانی کے معیار کو بہتر بنانے اور نیویارک کے تمام باشندوں کے لیے صحت مند اور خوشحال مستقبل کی حمایت کے لیے اقدامات کرتے رہیں گے۔"

بورڈ کی منظوریوں میں صاف پانی کے ریاستی گردشی فنڈ اور پینے کے پانی کے ریاستی گردشی فنڈ کے ذریعے مالی اعانتیں اور پانی کے بنیادی ڈھانچے کی بہتری (Water Infrastructure Improvement، WIIA) کے پروگرام کے مطابق پہلے سے اعلان کردہ گرانٹس شامل ہیں۔ وفاقی دو طرفہ بنیادی ڈھانچے کے قانون سے پانی کے بنیادی ڈھانچے کے لیے فنڈنگ کا انتظام EFC کی جانب سے ریاستی گردشی فنڈ پروگرامز کے ذریعے کیا جاتا ہے۔ پانی کے بنیادی ڈھانچے کی فنڈنگ کے مواقع کے بارے میں مزید جاننے کے لیے EFC کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔

اس فنڈنگ کے ذریعے، EFC البانی میونسپل واٹر فنانس اتھارٹی کو ایک گرانٹ اور بلاسود مالی اعانت فراہم کرے گا، جس کے فنڈز وفاقی دو طرفہ بنیادی ڈھانچے کے قانون اور ریاستی پانی کے بنیادی ڈھانچے کی گرانٹ سے حاصل ہوں گے۔ 3.75$ ملین کا یہ پروجیکٹ دریائے ہڈسن کے پانی کو ان ادوار کے دوران کہ جب پانی کی سطح بلند ہو، سیوریج کے بنیادی ڈھانچے میں داخل ہونے سے روکے گا۔

**ریاست نیو یارک انوائرمنٹل فیسلٹیز کارپوریشن کی صدر اور CEO Maureen A. Coleman نے کہا،** "ریاست نیویارک کے صاف پانی کے بنیادی ڈھانچے میں مملکت کی سرکردہ سرمایہ کاری کے ہمراہ دو طرفہ بنیادی ڈھانچے

کے قانون کے ذریعے دستیاب تاریخی وفاقی فنڈنگ سے بڑی اور چھوٹی کمیونٹیز کو ایسے پروجیکٹ شروع کرنے میں مدد مل رہی ہے جو صحت عامہ، زندگی کے معیار، اور ماحولیاتی تحفظ کے لیے اہم ہیں۔ EFC آج آٹھ میونسپلٹیز اور عوامی اتھارٹیز کے لیے صاف پانی کے اہم بنیادی ڈھانچے کو مستحکم بنانے کے لیے درکار مالی اعانت فراہم کرنے پر خوش ہے۔"

**ریاست نیویارک کے محکمہ برائے ماحولیاتی تحفظ کے کمشنر اور انوائرمنٹل فیسلٹیز کارپوریشن بورڈ کے صدر Basil Seggos نے کہا،** "کمیونٹیز کو اُس آلودگی سے بچانے کے لیے پانی کے بنیادی ڈھانچے کو بہتر بنانا، مرمت کرنا اور تبدیل کرنا بہت ضروری ہے جو عوام، ماحول اور ہماری معیشت کے لیے نقصان دہ ثابت ہو سکتی ہے۔ میں گورنر Hochul اور واشنگٹن، D.C. میں نیویارک کے شراکت داروں کی تعریف کرتا ہوں کہ وہ میونسپلٹیز کو ان اہم پروجیکٹس کو آگے بڑھانے میں مدد دینے اور نیویارک کے پانی کے معیار کو محفوظ رکھنے کے لیے ریاستی اور وفاقی وسائل فراہم کرتے ہیں۔"

**ریاست نیو یارک کے محکمہ صحت کی کمشنر ڈاکٹر Mary T. Bassett نے کہا،** "ریاست کے عوامی پانی کے بنیادی ڈھانچے کو بہتر بنانے میں یہ اہم سرمایہ کاریاں مجموعی طور پر کمیونٹی کو مستحکم بنانے کی سرمایہ کاری ہے۔ ریاست کے پانی کے پرانے ترسیلی نظاموں کو اپ گریڈ کرنا صحت عامہ کی حفاظت، پانی کے معیار کو بہتر بنانے، اور نیویارک بھر میں صحت مند، صاف ماحول کو فروغ دینے میں بنیادی حیثیت رکھتا ہے۔ میں یہ اہم بنیادی ڈھانچے کی بہتریاں لانے کے لیے گورنر Hochul کی دیرینہ وابستگی اور مالی تعاون کے لیے شکریہ ادا کرتی ہوں۔"

**نیویارک سیکرٹری برائے ریاست Robert J. Rodriguez نے کہا،** "پینے کا صاف پانی صحت مند، مستحکم کمیونٹیز کی بنیاد ہے۔ گورنر Hochul صاف پانی کے بنیادی ڈھانچے میں سرمایہ کاری جاری رکھے ہوئے ہیں، جو آنے والی نسلوں کے لیے ریاست بھر میں صحت عامہ، معاشی ترقی اور معیار زندگی کو بہتر بنانے میں معاونت دیتا ہے۔"

**سینیٹر Chuck Schumer نے کہا،** "بنیادی ڈھانچوں میں دو طرفہ سرمایہ کاری اور جابز ایکٹ ( Bipartisan Infrastructure Investment & Jobs Act) سے ہدف کردہ، اثر انگیز اور روزگار پیدا کرنے والی سرمایہ کاریاں اب امپائر سٹیٹ کے ہر کونے میں پانی کے نکاس کے قدیم نظاموں کو اپ گریڈ کرنے کی سمت جا رہی ہیں۔ البانی سے اونیونٹا تک، ہمارے پانی کے قدیم بنیادی ڈھانچے میں یہ 55$ ملین سے زائد انتہائی اہم اپ گریڈز لائیں گے، اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ ہمارے خاندانوں کو پینے کا صاف پانی ملے، اور ہمارے دریاؤں اور جھیلوں کو گٹروں سے ابل پڑنے والے پانی سے پاک رکھا جائے۔ اس کا مطلب یہ بھی ہے کہ نوکریاں، نوکریاں، نوکریاں، نیو یارک کے پانیوں کو صحت مند اور صاف ستھرا بنانے کے لیے طویل عرصے سے زیر التواء منصوبوں کے ذریعے ہماری کمیونٹیز کو ترقی دیں گی۔ مجھے نیو یارک کے پانی کے پرانے ہوتے بنیادی ڈھانچوں کا نقشہ بدل دینے کے لیے اس تاریخی وفاقی سرمایہ کاری کی فراہمی پر فخر ہے۔"

**نمائندے Paul Tonko نے کہا،** "کئی دہائیوں کی نظر اندازی کی وجہ سے، ہمارے پانی کے نظام ابتر حالت میں ہیں۔ لاکھوں امریکیوں کو پانی کے مرکزی پائپ میں مکمل توڑ پھوڑ، نقصان دہ آلودہ کاروں، اور پینے کے صاف پانی تک رسائی میں کمی کی صورت میں اس بے عملی کے نتائج کا سامنا کرنا پڑا ہے۔ برسوں سے، میں نے اس پوشیدہ لیکن اہم بنیادی ڈھانچے کو بحال کرنے اور اسے بہتر بنانے پر زور دیا ہے اور، ہمارے دو طرفہ بنیادی ڈھانچے کے قانون کی منظوری کی بدولت، مجھے یہ دیکھ کر فخر ہے کہ طویل عرصے سے درکار وفاقی کارروائی آخر کار ہماری کمیونٹیز میں کی جا رہی ہے۔"

**نمائندہ Pat Ryan نے کہا،** "مجھے اس اہم فنڈنگ کا اعلان کرتے ہوئے فخر ہے جس سے خطے کی کمیونٹیز کو پینے کے صاف پانی تک رسائی حاصل کرنے نیز سود میں ریلیف کی فراہمی میں بھی مدد ملے گی۔ اس میں رینسیلر اور اوٹسیگو کاؤنٹیز میں دس ملین ڈالرز سے زیادہ کی سرمایہ کاری شامل ہے۔ میں نیو یارک کے باشندوں کے لیے کام کرنا جاری رکھتے ہوئے ریاستی، مقامی اور وفاقی حکومت میں موجود شراکت داروں کے ساتھ کام کرنے کا منتظر ہوں۔"

پانی کے بنیادی ڈھانچے کے فنڈڈ پروجیکٹس میں شامل ہیں:

**صاف پانی کے پروجیکٹ کے لیے منظور شدہ فنڈنگ:**

- **البانی کاؤنٹی میں البانی میونسپل واٹر فنانس اتھارٹی (دو پروجیکٹس) -**
  - دریائے ہڈسن میں سطح آب کی بلندی کے مراحل اور سمندری مدوجزر موجوں کے دوران اندرون بہاؤ کو روکنے کے لیے سیوریج کی بہتریوں کی منصوبہ بندی، ڈیزائن اور تعمیر کرنے کے لیے دو طرفہ بنیادی ڈھانچے کے قانون کے عمومی ضمنی فنڈز ( Bipartisan Infrastructure Law General Supplemental funds) کی جانب سے $1,875,000 گرانٹ اور $1,875,000 کی قلیل مدتی سود سے پاک مالی اعانت اور WIIA $937,500 گرانٹ شامل ہے۔
  - اپر واشنگٹن ایونیو پمپ اسٹیشن کی تعمیر کے لیے اور البانی کاؤنٹی کے شمالی گندے پانی کی صفائی کے سہولتی مرکز کی طرف بہاؤ کو موڑنے اور دریائے ہڈسن میں گٹر کے سطح سے بلند بہاؤ کو شامل ہونے سے روکنے کے لیے $6,492,198 طویل مدتی سود سے پاک مالی اعانت شامل ہے۔
- **کلنٹن کاؤنٹی میں گاؤں چیمپلین -** $2,502,000 قلیل مدتی سود سے پاک مالی اعانت اور WIIA $834,000 گرانٹ جراثیم کش اپ گریڈ اور گاؤں کے گندے پانی کی صفائی کے سہولتی مرکز میں بہتری کے لیے سرمائے میں شامل کی گئی۔
- **سراٹوگا کاؤنٹی میں گاؤں کورنتھ -** وصولی کے نظام میں بہتریوں کے لیے $8,177,398 قلیل مدتی سود سے پاک مالی اعانت شامل ہے۔
- **لیونگسٹن کاؤنٹی کی پانی اور سیور اتھارٹی -** لیک ویل کے گندے پانی کی صفائی کے پلانٹ میں بہتریوں کے لیے $7,652,105 طویل مدتی بلاسود مالی اعانت شامل ہے۔
- **اوٹسیگو کاؤنٹی میں اونیونٹا شہر -** شہر کے گندے پانی کی صفائی کے پلانٹ میں اپ گریڈز کے لیے $6,749,263 تک طویل مدتی بلاسود مالی اعانت شامل ہے۔
- **اونیڈا کاؤنٹی میں روم کا شہر (دو پروجیکٹس) -**
  - شہر کی آبی آلودگی پر قابو پانے کی سہولت گاہ میں سخت آئٹمز کو الگ کرنے میں بہتریاں لانے کے لیے $3,560,913 طویل مدتی سود سے پاک مالی اعانت شامل ہے۔
  - آبی آلودگی پر قابو پانے کی سہولت گاہ میں جراثیم کشی کے نظام میں بہتریاں لانے کے لیے $3,116,109 طویل مدتی سود سے پاک مالی اعانت شامل کی گئی۔

**پینے کے پانی کے پروجیکٹ کے لیے منظور شدہ فنڈنگ:**

- **لوئیس کاؤنٹی میں گاؤں لوویل -** زیر زمین پانی کی فراہمی کے دو کنویں، متعلقہ ٹرانسمیشن مرکزی پائپ اور صفائی، اور موجودہ واٹر پلانٹ کے اپ گریڈز کے لیے $1,333,334 قلیل مدتی سود سے پاک مالی اعانت، $2,666,666 قلیل مدتی مارکیٹ ریٹ مالی اعانت، اور $3,000,000 WIIA گرانٹ شامل کی گئیں۔
- **رینسیلر کاؤنٹی میں شاہٹیکوک کا گاؤں -** موجودہ بنیادی ڈھانچے کو تبدیل کرنے کے لیے نئے ڈسٹری بیوشن مینز، ہائیڈرنٹس، والوز اور سروسز، ایک پرانے ٹینک کو تبدیل کرنے کے لیے ایک نیا تیار شدہ پانی ذخیرہ کرنے والا ٹینک، اور گاؤں کے کنوؤں کے پانی سے لوہے اور مینگنیز کو نکالنے کے لیے نئی پانی کی صفائی کی سہولت گاہ کے لیے $4,681,658 طویل مدتی سود سے پاک مالی اعانت شامل کی گئی۔

نیویارک صاف پانی کے بنیادی ڈھانچے میں اپنی سرمایہ کاری کو بڑھا رہا ہے۔ نومبر میں $4.2 بلین کے صاف پانی، صاف ہوا اور گرین جابز سے متعلق ماحولیاتی بانڈ ایکٹ کی ووٹروں کی منظوری کے ساتھ، پانی کے پرانے ڈھانچے کو اپ ڈیٹ کرنے اور پانی کے معیار کی حفاظت؛ شدید طوفانوں اور سیلاب کا مقابلہ کرنے کے لیے کمیونٹیز کی صلاحیت کو مضبوط بنانے؛ فضائی آلودگی کو کم کرنے اور آب و ہوا میں تبدیلی کرنے والے اخراج کو کم کرنے؛ مسکنوں کی بحالی؛ بیرونی جگہوں اور مقامی کھیتوں کو محفوظ رکھنے کے لیے؛ اور پسماندہ کمیونٹیز میں وسائل

کے 40 فیصد کے ہدف کے ساتھ کم از کم 35 فیصد سرمایہ کاری کر کے مساوات کو یقینی بنانے کے لیے اضافی، تاریخی سطحوں کی فنڈنگ شامل ہے۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418